© rasailojaraid.com



# خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی

☆ ''مسلمان عورت کے حقوق اور ان پر اعتراضات کا جائزہ'' صدرِ ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی مقبولِ عام کتابوں میں سے ہے۔ یہ کتاب وقت کے ایک اہم اور زندہ موضوع سے بحث کرتی ہے۔ اس میں ان حقوق پر گفتگو کی گئی ہے جو اسلام نے عورت کو مرحمت کئے ہیں اور ان اعتراضات، شبہات اور غلط فہمیوں کا بھر پور علمی جائزہ لیا گیا ہے جو اس سلسلے میں کئے جاتے ہیں۔ اب تک ہندو پاک میں اردو اور انگریزی میں اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ حال میں اس کا چوتھا ایڈیشن مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہوا ہے۔ اس میں مصنف نے نظر ثانی کرتے وقت بعض مباحث میں خاطر خواہ اضافے کیے ہیں۔

صفحات: ۲۴۰ قیمت: ۸۰/روپئے

☆ مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے مولانا عمری کی ایک کتاب ابھی کچھ عرصہ قبل ''غیر اسلامی ریاست اور مسلمان'' کے نام سے شائع ہوئی تھی۔ اس میں واضح کیا گیا ہے کہ دین کے وہ بنیادی مطالبات کیا ہیں جن پر ایک مسلمان کے لئے ہر جگہ اور ہر حال میں عمل کرنا ضروری ہے؟ اور غیر اسلامی ریاست میں رہتے ہوئے اسے کس کردار کا مظاہرہ کرنا چاہئے؟

اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن شائع ہو گیا ہے۔ صفحات: ۴۸ قیمت: ۱۵/روپئے

☆ مولانا عمری کا ایک کتابچہ ''بعض اہم اسلامی اصطلاحات اور ان کی تشریح''



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نے پہلے شائع کیا تھا۔ اس میں موجودہ حالات کے پس منظر میں ایمان، اسلام، مسلمان، کفر، کافر، جہاد، دارالاسلام، دارالحرب، جزیہ اور نسخ جیسی اصطلاحات کی وضاحت کی گئی ہے۔ صفحات: ۲۸، قیمت: ۱۲روپئے۔ اب اس کا مراٹھی ترجمہ بھی چھپ گیا ہے۔

☆ مولانا عمری گزشتہ کئی برس سے مسجد اشاعت اسلام، دعوت نگر، نئی دہلی میں خطبات جمعہ وعیدین دیتے ہیں۔ لوگ دوٗر دوٗر سے ان خطبات کو سننے کے لئے آتے اور اپنی دینی وعلمی پیاس بجھاتے ہیں۔ ایسا ہی ایک خطبہ ''آخرت کے عذاب سے خاندان کو بچایئے'' کے عنوان سے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نے شائع کردیا ہے۔

صفحات: ۱۶ قیمت: ۱۰روپے

☆ ادارۂ تحقیق کے علمی منصوبہ کے تحت تیار ہونے والی، رکنِ ادارہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کی نئی کتاب ''حقائقِ اسلام۔ بعض اعتراضات کا جائزہ'' مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہوگئی ہے۔ اس میں ہندوستان کے پس منظر میں غیر مسلموں کی جانب سے قرآن، سیرتِ رسول، عبادات، معاشرت، تہذیب اور دیگر پہلوؤں پر کیے جانے والے اعتراضات کا معروضی جائزہ لیا گیا ہے۔

صفحات: ۲۱۶ قیمت: ۵۰روپئے

☆ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے ''حقیقتِ کفر'' کے عنون سے بھی ایک کتابچہ تیار کیا ہے۔ اس میں لفظ کفر کی لغوی واصطلاحی تشریح، کافروں کا اخروی انجام، ان کے ساتھ دنیاوی معاملات سے متعلق احکام اور ان کے متعلق بعض قرآنی آیات کا صحیح مفہوم جیسے عنوانات کے تحت گفتگو کی گئی ہے۔ صفحات تقریباً ستر۔ ادارۂ تحقیق کے سلسلۂ مطبوعات کے تحت انشاء اللہ جلد شائع ہوجائے گی۔

☆ ادارۂ تحقیق کا شعبۂ تصنیفی تربیت بعض ناگزیر اسباب سے، جن میں ایک اہم



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سبب مالیات کی عدم فراہمی ہے، ادھر کچھ عرصہ سے کام نہیں کر رہا تھا۔ بعض اصحابِ خیر کی دلچسپی سے اس کی سرگرمی پھر شروع ہوگئی ہے۔ انٹرویو کے بعد دو فارغینِ مدارس کا انتخاب کرلیا گیا ہے۔ ادارہ ایسے زیرِ تربیت افراد کو رہائش کی سہولت فراہم کرنے کے ساتھ حسب وسع اسکالرشپ بھی دیتا ہے۔ اس پروگرام کو کامیابی اور یک سوئی کے ساتھ چلانے کے لئے علم نواز اور اصحابِ خیر حضرات کی توجہ درکار ہے۔



## غیر مسلموں سے تعلقات اور ان کے حقوق

مولانا سید جلال الدین عمری

ہندوستان کے پس منظر میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کے درمیان کیسے تعلقات ہونے چاہئیں، یہ موضوع کافی اہمیت اختیار کر گیا ہے، اس لئے کہ فرقہ پرستوں نے اس سلسلہ میں بہت سی غلط فہمیاں پیدا کر دی ہیں، مثلاً انھوں نے یہ پروپیگنڈا کیا ہے کہ اسلام اپنے ماننے والوں کے علاوہ دوسرں کو موجبِ گردن زنی قرار دیتا ہے اور اس میں مذہبی رواداری اور توسّع نہیں پایا جاتا ہے۔ اس کتاب میں غیر مسلموں کے ساتھ حسنِ سلوک، ان کی مذہبی آزادی اور مسلمانوں اور غیر مسلموں کے درمیان معاشرتی، معاشی اور سیاسی تعلقات پر اسلامی نقطۂ نظر سے بحث کی گئی ہے۔ فاضل مصنف کے جان دار اور رواں دواں قلم نے سلیس اور دلکش اسلوب میں پیچیدہ مسائل کی گتھی سلجھائی ہے۔

ہندوستان کے پس منظر میں غیر مسلموں سے تعلقات کے موضوع پر اپنی نوعیت کی پہلی مفصل کتاب، دعوت و تبلیغ کے میدان میں کام کرنے والوں کی ایک اہم ضرورت

آفسیٹ کی حسین طباعت، عمدہ کاغذ، صفحات: ۳۳۲ قیمت (مجلّد) =/۱۰۰ روپے

**ملنے کے پتے**

ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی، پوسٹ بکس نمبر ۹۳، علی گڑھ-۱

مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، دعوت نگر، ابوالفضل انکلیو، نئی دہلی-۲۵




© rasailojaraid.com